برائے دوسری سہ ماہی

جائزہ

۱۔ دیے گئے جُملے پڑھیے اور دُرست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے۔

(ا) ننّھے میاں کی عادت ہے ہر چیز کو:

○ پکڑنے کی ○ توڑنے کی ○ چکھنے کی ○ پھینکنے کی

(ب) آم کھا رہے تھے میں اور میرا بھائی:

○ کامران ○ شان ○ نومان ○ ذیشان

(ج) ساجد رُکا ہوا تھا دکان کی:

○ صفائی کے لیے ○ مرمّت کے لیے ○ حفاظت کے لیے ○ سجاوٹ کے لیے

(د) سردی کا دوسرا نام ہے:

○ پت جھڑ ○ لُو ○ جاڑا ○ برسات

(ہ) یہ دنیا ہَری بھری ہے:

○ ہَوا سے ○ پانی سے ○ مٹّی سے ○ سردی سے

۲۔ دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

(ا) سردی آپا کی سالگرہ پر کیا کیا ہُوا؟

(ب) لوگ قدرتی وسائل کو کس طرح ضائع کرتے ہیں؟

(ج) اِدھر اُدھر کوڑا پھینکنے سے کیا ہوتا ہے؟

(د) شان اور زین کے نئے پڑوسی کون تھے اور کیسے تھے؟

(ہ) ناصر صاحب کے ساتھ کیا ہوا؟

۳۔ دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ لکھیے۔

الفاظ	ہم آواز الفاظ		
دھاگا			
گھڑی			
کل			
بچایا			
روانی			

۴۔ دیے گئے جملوں میں سے مذکّر اور مؤنّث الگ کر کے درست کالم میں لکھیے۔

جُملے	مذکّر	مؤنّث
امّی اور ابّا کھانا کھا رہے ہیں۔		
استاد اور استانی کتاب پڑھ رہے ہیں۔		
نانا نے نانی کو پھُول دیا۔		
ممانی نے ماموں کے لیے چائے بنائی۔		
مالن نے مالی کو بلایا۔		

۵۔ دیے گئے جملوں کو سوالیہ جُملوں میں تبدیل کر کے لکھیے۔

جُملے	سوالیہ جُملے
بانو اور آمنہ کھیل رہی ہیں۔	
خرگوش گھاس پر بیٹھا ہے۔	
چائے ٹھنڈی ہے۔	

۶۔ دیے گئے موضوعات میں سے کسی ایک پر پانچ سے سات جُملے لکھیے۔

میرا دوست	پاکستان	ٹماٹر